ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس فون :- 99212639

۱۱مارچ ۲۰۱۴ء کراچی

امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے سندھ پولیس کو موٹر سائیکلوں کی فراہمی

کراچی (۱۱مارچ ۲۰۱۴ء)___ امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین اور امریکی محکمہ خارجہ کے بیورو برائے انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لاء انفورسمنٹ افیئرز (آئی این ایل) نے آج ایک تقریب میں سندھ کے قائم مقام انسپکٹر جنرل پولیس اقبال محمود کو پچیس نئی موٹر سائیکلیں پیش کیں جنہیں لیگل اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ استعمال کرے گا۔

قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے سندھ پولیس کے ہیڈ کوارٹرز میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے سندھ پولیس کی کوششوں میں مدد دینے کے حوالے سے پُرعزم ہے۔ یہ موٹر سائیکلیں سندھ پولیس کے شعبہ قانون واستغاثہ کے اہلکاروں کو ان کے اہم کام کی انجام دہی کیلئے درکار آمدورفت کی سہولت فراہم کریں گی۔

آئی این ایل ۲۰۰۹ء سے لے کر اب تک سندھ پولیس کو امداد کی مد میں ۲۹ ملین ڈالر فراہم کر چکا ہے جس میں سازوسامان، تربیت اور پک اپ ٹرکوں، ایمبولینسوں، کوسٹرز اور پولیس کاروں سمیت ۱۰۰ سے زیادہ گاڑیاں شامل ہیں۔

###